**19.04.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. آسیہ میمونہ

**Music**

1 21ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں عام انتخابات کے پہلے مرحلے کے تحت، 102 پارلیمانی حلقوں میں ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔
2 سکم اور اروناچل پردیش قانون ساز اسمبلیوں کیلئے بھی ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔
3 لوک سبھا کے انتخابات کے تیسرے مرحلے کے لیے، کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا کام آج شام ختم ہوجائے گا۔
4 ریلوے کا محکمہ گرمیوں میں مسافروں کی زیادہ تعداد کے پیش نظر، ریکارڈ تعداد میں ریل گاڑیاں چلا رہا ہے۔
5 اور IPL کرکٹ میں آج شام لکھنؤ میں لکھنؤ سُپر جائنٹس کا مقابلہ چنئی سپر کنگز سے ہوگا۔x

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Rev LS Poll First Phase**

لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے ووٹنگ جاری ہے۔ آج 17 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام چار علاقوں میں 102 پارلیمانی حلقوں میں ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ ان ریاستوں میں اترپردیش ، مغربی بنگال ، بہار، آسام، مدھیہ پردیش ، مہاراشٹر ، راجستھان ، تمل ناڈو ، اتراکھنڈ ، اروناچل پردیش ، منی پور اور میگھالیہ شامل ہیں ۔

اِس مرحلے میں مجموعی طور پر ایک ہزار 625 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں ۔ ممتاز امیدواروں میں BJP کے سرکردہ لیڈر اور مرکزی وزیر نتن گڈکری ، سربانند سونووال ، کرن ریجیجو ، ڈاکٹر جتیندر سنگھ اور سنجیو بالیان کے ساتھ ساتھ BJP لیڈر تمل سائی سندرا راجن اور جتن پرساد ، کانگریس لیڈر گورو گوگوئی ، کارتی چدمبرم اور Nakul Nath نیز DMK پارٹی کے دیاندھی مارن شامل ہیں ۔

اس مرحلے میں 16 کروڑ 63 لاکھ رائے دہندگان کیلئے ایک لاکھ 63 ہزار پولنگ مرکز بنائے گئے ہیں۔ پہلی بار ووٹ دینے والے تقریباً 36 لاکھ افراد بھی اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں گے۔ اِس مرحلے میں 85 سال سے زیادہ عمر کے 14 لاکھ سے زائد افراد اور تقریباً 14 لاکھ معذور رائے دہندگان کو گھر سے ہی ووٹ دینے کی

سہولت فراہم کی گئی ہے۔

انتخابی کمیشن نے اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے انتظامات کئے ہیں کہ پانی، سائبان، بیت الخلاء ، Ramps ، وہیل چیئر اور بجلی جیسی بنیادی سہولیات دستیاب رہیں تاکہ ہر ووٹر آسانی کے ساتھ ووٹ دے سکیں۔

پولنگ اور حفاظتی عملے کو لے جانے کیلئے 41 ہیلی کاپٹرز، 84 خصوصی ریل گاڑیاں اور دیگر ایک لاکھ گاڑیاں استعمال کی جارہی ہیں۔مختلف پارلیمانی حلقوں میں پولنگ کے عمل پر نظر رکھنے کیلئے 361 مشاہدین کو تعینات کیا گیا ہے۔

ووٹروں کو کسی طرح کا لالچ نہ دیا جائے، اِس پر لگاتار نظر رکھنے کیلئے چار ہزار فلائنگ اسکوئیڈز، اعداد و شمار پر نظر رکھنے والی پانچ ہزار سے زیادہ ٹیمیں، دو ہزار سے زیادہ ویڈیو نگراں ٹیمیں، ووٹنگ کے عمل پر نظر رکھ رہی ہیں۔ سبھی پولنگ اسٹیشنوں پر مائیکرومشاہدین کے ساتھ ساتھ، پچاس فیصد سے زیادہ پولنگ اسٹیشنوں پر ویب کاسٹنگ بھی کی جارہی ہے۔

ایک ہزار 300 سے زیادہ بین ریاستی اور 162 بین الاقوامی سرحدی چوکیوں پر بھی سخت نگرانی کی جارہی ہے، تاکہ شراب، نشیلی اشیاء، نقد رقم یا دیگر طرح کے غیر قانونی تحفوں کا لین دین نہ کیا جاسکے۔سمندر اور فضائی راستوں پر بھی سخت نگرانی کی جارہی ہے۔

اِس کے علاوہ اروناچل پردیش اور سکم میں بھی آج واحد میں قانون ساز اسمبلیوں کے انتخابات کرائے جارہے ہیں۔x

Campaigning Remainning Phases

لوک سبھا انتخابات کے باقی مرحلوں کیلئے انتخابی مہم تیز ہوگئی ہے۔مختلف سیاسی پارٹیوں کے سینئر رہنما ملک بھر میں متعدد ریلیوں سے خطاب کر رہے ہیں۔ وزیر اعظم اور BJP کے اعلیٰ رہنما نریندر مودی آج مہاراشٹر میں وَردھا پارلیمانی حلقے میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔ جناب مودی مدھیہ پردیش میں Damoh ضلع میں بھی ایک جلسۂ عام سے خطاب کریں گے۔

بہار میں لوک سبھا چناؤ کے دوسرے مرحلے کے تحت پانچ پارلیمانی حلقوں میں ہونے والے انتخابات کیلئے انتخابی مہم جاری ہے۔ کانگریس کے صدر ملک ارجن کھڑگے آج شام کٹیہار کے راجندر اسٹیڈیم میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔ RJD کے رہنما تیجسوی پرساد یادو نے آج بانکا پارلیمانی حلقے میں واقع بھیروگنج میں انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔

RJD کے رہنما تیجسوی یادو کا عظیم اتحاد کے امیدواروں کی حمایت میں پورنیہ، دربھنگہ اور سمتی پور میں ریلیوں

سے خطاب کرنے کا پروگرام ہے۔ BJP کے سینئر رہنما سمراٹ چودھری اور وجے کمار سنہا بھی، NDA امیدواروں کے حمایت میں عوامی میٹنگیں کر رہے ہیں۔ x

By Polls Tm Tripura

تمل ناڈو اور تریپورہ میں، آج لوک سبھا انتخابات کے ساتھ ساتھ دونوں ریاستوں کی قانون ساز اسمبلیوں میں بھی ایک ایک سیٹ کیلئے ضمنی چناؤ ہورہے ہیں۔تمل ناڈو میں، وِلاوَن کوڈے اسمبلی حلقے میں ووٹ ڈالے جارہے ہیں، جبکہ تریپورہ میں رام نگر اسمبلی حلقے کیلئے ووٹنگ کی جارہی ہے۔x

State Voter Rurnout

کچھ ریاستوں میں ووٹنگ کا فیصد یہ ہے: سکم میں تقریباً 37 فیصد، چھتیس گڑھ میں 42 فیصد سے زیادہ، راجستھان میں تقریباً 34 فیصد، مدھیہ پردیش میں 44 فیصد سے زیادہ، لکشدیپ میں 30 فیصد ہوچکی ہے۔ x

EC Fourth and Third Phase

تیسرے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کا آج آخری دن ہے۔ اس مرحلے میں 10 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں میں 94 پارلیمانی سیٹوں کیلئے ووٹنگ 7 مئی کو ہوگی۔ کاغذات کی جانچ کل ہوگی۔ اپنا نام واپس لینے کا آخری دن پیر کو ہے۔

کل چوتھے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کا آغاز ہوگیا ہے۔ اس مرحلے کے تحت 9 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے میں 96 لوک سبھا سیٹوں کیلئے 13 مئی کو ووٹنگ ہوگی۔ پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 25 اپریل ہے۔

ساتھ ہی ساتھ آندھرا پردیش کی سیٹوں کیلئے واحد مرحلے میں اسمبلی انتخابات اور اڈیشہ کے 28 حلقوں کیلئے پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ x

Kerala Election

کیرالہ میں لوک سبھا انتخابات میں صرف ایک ہفتے باقی رہ گئے ہیں۔ تین اہم سیاسی اتحاد میں شامل پارٹیاں قومی رہنماؤں کے ساتھ اپنی انتخابی مہم تیز کر رہی ہیں۔ BJP کے قومی صدر جے پی نڈا آج وائناڈ، Palakkad، Kottayam اور ترو اننت پورم پارلیمانی حلقوں میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔

کانگریس رہنما پرینکا گاندھی، UDF امیدواروں کی حمایت کیلئے کَل Chalakudy، Pathanamthitta اور ترو اننت پورم پارلیمانی حلقوں کا دورہ کریں گی۔ کرناٹک کے ریاستی وزیر K.J. George بھی UDF کی انتخابی مہم کیلئے کیرالہ جائیں گے۔ اسی دوران سی پی آئی ایم Politburo ممبر سبھاشنی علی آج LDF امیدواروں کیلئے عوامی جلسوں میں حصہ لے رہی ہیں۔

کیرالہ کے وزیراعلیٰ Pinarayi Vijayan بھی آج کوزی کوڈ حلقے میں چناؤ مہم میں حصہ لیں گے۔ x

Railway Summer

بھارتی ریلویز، گرمیوں کے موسم کے دوران 9 ہزار 111 ریل گاڑیاں چلا رہا ہے، جو ایک ریکارڈ ہے۔ اتنی تعداد میں یہ ریل گاڑیاں مسافروں کی تعداد میں اضافے کے پیش نظر چلائی جارہی ہیں، جبکہ پچھلے سال ریل گاڑیوں کی تعداد چھ ہزار 369 تھی۔ اِس طرح اِس سال ریل گاڑیوں کی تعداد میں 2 ہزار 742 کا اضافہ ہوا ہے۔

ریلوے کی وزارت نے کہا ہے کہ ملک بھر میں اہم مقامات کیلئے اضافی ریل گاڑیوں کا انتظام کیا گیا ہے، تاکہ بڑے ریل راستوں پر بلا رُکاوٹ سفر کو یقینی بنایا جاسکے۔

بھارت میں سبھی ریلوے زون میں یہ اِضافی ریل گاڑیاں چلائی جارہی ہیں۔ تمل ناڈو، مہاراشٹر، گجرات، اُڈیشہ، مغربی بنگال، بہار، اترپردیش، کرناٹک، آندھرا پردیش، تلنگانہ، جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش، راجستھان اور دلّی میں مسافروں کی تعداد قابل ذکر ہے۔ x

Maldives President

مالدیپ ہائیکورٹ نے، سابق صدر عبداللہ یامین کی گیارہ سال کی سزائے قید کو منسوخ کردیا ہے اور اُن پر دوبارہ مقدمہ چلانے کا حکم دیا ہے۔ عبداللہ یامین کو گیارہ سال کی سزا کالے دھن کو جائز بنانے اور رشوت خوری کے الزامات کے تحت دی گئی تھی۔

سزا کی منسوخی اور دوبارہ مقدمہ چلائے جانے کا حکم، مالدیپ میں پارلیمانی انتخابات سے محض دو دِن پہلے دیا گیاہے۔ جج نے، مقدمے میں خامیاں بتائی ہیں اور کہا ہے کہ عبداللہ یامین کو مقدمے کے دوران، اُن کے حقوق سے محروم رکھا گیاہے۔ x

Iran Israel

ایران نے آج صبح، کچھ ڈرون طیاروں کو پرواز کرتے ہوئے دیکھنے کے بعد وسطی شہر اِسفہان کے قریب فضائی

دفاعی میزائل داغے ہیں۔ اِس کے بعد اسرائیل کی طرف سے جوابی کارروائی کے تحت امکانی حملوں کے اندیشے میں اضافہ ہوگیا ہے۔

میڈیا کی ابتدائی خبروں کے مطابق اسرائیلی ڈرون نے، ایران کے اِصفہان صوبے میں ایک جگہ پر حملہ کیا۔ یہ حملہ ایران کی طرف سے، شام میں ایرانی سفارتخانے پر کیے گئے ایک حملے کے جواب میں اسرائیل پر ایک ڈرون حملے کے بعد کیا گیا ہے۔

البتہ ایران کی خبر ایجنسی نے کہا ہے کہ اِصفہان ہوائی اڈّے پر دھماکے کی آواز سنی گئی، لیکن دھماکے کی وجہ فوری طور پر معلوم نہیں ہوسکی ہے۔ x

## US Veto Palestine

امریکہ نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی اُس قرار داد کو ویٹو کر دیا ہے، جس کے تحت فلسطین کیلئے اقوام متحدہ کی مکمل رکنیت کی راہ ہموار ہوتی۔ 15 رکنی سلامتی کونسل میں 12 رکن ملکوں نے قرار داد کے حق میں ووٹ دیئے جبکہ دو ممالک برطانیہ اور سوئٹزر لینڈ ووٹنگ سے غیر حاضر رہے۔ امریکہ نے اِس قرار داد کو ویٹو کر دیا جبکہ اُس کے اتحادی فرانس، جاپان اور جنوبی کوریا نے قرار داد کی حمایت کی۔ امریکہ کے نائب سفیر Robert Wood نے سلامتی کونسل سے کہا کہ یہ ویٹو فلسطین کی ریاست کی مخالفت کو ظاہر نہیں کرتا ہے بلکہ یہ ایک طرح کا اعتراف ہے کہ دونوں فریقوں کے درمیان براہ راست مذاکرات سے یہ ممکن ہوسکتا ہے۔ اسرائیل کے وزیر خارجہ Katz نے اِس قرار داد کو ویٹو کرنے پر امریکہ کی ستائش کی اور اِسے ایک شرمناک تجویز قرار دیا۔

وہیں دوسری طرف فلسطینی اتھارٹی کے صدر محمود عباس نے امریکہ کے ویٹو کی تنقید کی ہے اور ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ ویٹو غیر منصفانہ، غیر اخلاقی اور بلا جواز ہے۔ x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں، آج لکھنؤ میں لکھنؤ سُپر جائنٹس کا مقابلہ چنئی سپُر کنگس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

کل چنڈی گڑھ میں ممبئی انڈینس نے پنجاب کنگس کو 9 رن سے شکست دی۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ممبئی انڈینس نے مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ کے نقصان پر 192 رن کا اسکور بنایا تھا۔ جواب میں پنجاب کنگس کی پوری ٹیم 19 اعشاریہ ایک اوورس میں 183 رن بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ x

☆☆☆